BAYER

Pr Kyleena®

LEVONORGESTREL-RELEASING INTRAUTERINE SYSTEM (19,5 MG)



# KYLEENA®

# کے بارے میں معلومات حاصل کریں

## آپ کے رحم کے اندر لگائے جانے والے مانع حمل سے متعلق ایک ہدایت نامہ



# باکس میں کیا ہے؟




**باکس کے اندر صرف KYLEENA® ہی نہیں** –
بلکہ اس میں EvoInserter® بھی ہے (جسے KYLEENA® کو اندر ڈالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے)۔

# ®KYLEENA کے ساتھ آغاز

®KYLEENA رحم کے اندر لگایا جانے والا ایک سسٹم (IUS) ہے جو
5 سالوں تک کے لیے حمل کی روک تھام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

ایسے کلینک کا پتہ لگانے کے لیے جہاں آپ ®KYLEENA
کو کسی صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے لگوا سکتی ہوں،
**kyleenaandmirena.ca** ملاحظہ کریں۔





## KYLEENA® پر ایک قریبی نگاہ

- چھوٹا، سفید، T کی شکل کی باڈی
- ملائم، لچکدار پلاسٹک سے بنا ہوا
- عمودی بازو ایک تنگ، سلنڈر نما دوا کے ذخیرہ سے گھرا ہوتا ہے جس میں لیونورجیسٹرل نامی ہارمون ہوتا ہے
- عمودی بازو کی نوک سے دو باریک، نیلے رنگ کے پلاسٹک کے دھاگے منسلک ہوتے ہیں
- عمودی تنے میں ایک سلور رِنگ ہوتی ہے جو افقی بازوؤں کے قریب ہوتی ہے، جو الٹراساؤنڈ میں نظر آتی ہے




KYLEENA® کی لمبائی چوڑائی 2.8 سینٹی میٹر x 3.0 سینٹی میٹر ہوتی ہے

اصل سائز

# KYLEENA® کس قدر مؤثر ہے؟

طبی آزمائشوں میں پایا گیا تھا کہ ®KYLEENA استعمال کرنے والی ہر 100 خواتین میں فی سال 1 سے کم کو حمل ٹھہرا ہے۔

## ضبط ولادت کے مختلف طریقے استعمال کرنے اور ضبط ولادت کا کوئی طریقہ نہ استعمال کرنے کی حالتوں کا موازنہ کرنے پر عمومی حمل کی شرحیں


| پروڈکٹ | استعمال کے پہلے سال میں فی 100 خواتین میں رپورٹ کیے گئے حمل |
|---|---|
| ہارمونل انٹرایوٹرین سسٹم (IUS) | 1 سے کم |
| کاپر انٹرایوٹرین ڈیوائس (IUD) | 1 سے کم |
| جلد کے نیچے مانع حمل رکھنا | 1 سے کم |
| پروجیسٹیرون انجیکشن | 6 |
| مشترک ہارمونل مانع حمل دوا (گولی، پیچ یا چھلا) | 9 |
| ڈایافرام | 12 |
| مردانہ کنڈوم | 18 |
| زنانہ کنڈوم | 21 |
| اسپنج، اسپرمیسائڈ | 28–12 |
| عزل کا طریقہ | 22 |
| فطری فیملی پلاننگ | 24 |
| کوئی ضبط ولادت نہیں | 85 |



# KYLEENA® کو رحم کے اندر رکھا جاتا ہے

KYLEENA® کو:

- ایک صحت نگہداشت فراہم کننده کے ذریعہ رحم کے اندر رکھا جاتا ہے
- لیونورجیسٹرل کی تھوڑی تھوڑی مقدار روزانہ رحم میں براہ راست دھیرے دھیرے خارج کرتے ہوئے کام کرتا ہے
- اس میں کوئی ایسٹروجین نہیں ہوتا ہے



KYLEENA® استعمال کرنے کے دوران، حمل کا خطره کم ہو جاتا ہے۔ تاہم، اگر آپ KYLEENA® استعمال کرنے کے دوران حاملہ ہو جاتی ہیں تو اس کا زیاده امکان ہے کہ حمل ایکٹوپک ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ حمل رحم میں نہیں ہے۔ ایکٹوپک حمل ایک سنگین حالت ہے۔ اگر آپ کے پیٹ کے نچلے حصہ میں درد ہو، خاص طور پر اگر آپ کو حیض نہ آیا ہو اور/یا غیر متوقع طور پر خون بہہ رہا ہو تو اپنے صحت نگہداشت فراہم کننده کو فوری طور پر بتائیں۔ یہ ایکٹوپک حمل کی علامات ہو سکتی ہیں۔

# KYLEENA® حمل روکنے میں کیسے مدد کر سکتا ہے؟


KYLEENA® حمل روکنے کے سلسلہ میں متعدد طریقوں سے کام کر سکتا ہے:

1. رحم کی پرت کی معمول کی ماہانہ موٹائی کو کم کرتا ہے

2. فم رحم کے مخاط کو گاڑھا کرتا ہے، جو فم رحم سے اسپرم کے گزرنے کو مشکل بناتا ہے

3. اسپرم کی نقل و حرکت اور عمل کو خراب کرتا ہے

یہ افعال حمل کو روکنے کے ذریعے کے طور پر باہم مل کر اسپرم اور بیضہ کو رابطہ میں آنے سے روکتے ہیں۔



# اسے لگانے کے دوران کس چیز کی توقع رکھیں

®KYLEENA آپ کے صحت نگہداشت فراہم کنندہ کے ذریعہ رحم میں لگایا جاتا ہے۔ اس عمل میں چند منٹ لگتے ہیں۔

- ®KYLEENA کو لگائے جانے سے پہلے، آپ کا ڈاکٹر آپ کے رحم کی پوزیشن اور حجم کا تعین کرنے کے لیے پیڑو کا ایک معائنہ انجام دے گا؛ ضروری ہونے پر وہ پیپ اسمیئر اور چھاتی کا معائنہ اور اسی طرح دیگر جانچیں (مثلاً انفیکشنز بشمول STIs کے لیے) بھی کر سکتے ہیں
- ®KYLEENA کی حامل ایک پتلی لچکدار پلاسٹک ٹیوب آپ کے رحم میں ڈالی جائے گی – آپ کو کچھ بے آرامی محسوس ہو سکتی ہے
- صحیح جگہ پر پہنچ جانے پر آپ کا صحت نگہداشت فراہم کنندہ ٹیوب کو نکال لے گا، اور ®KYLEENA کو آپ کے رحم میں چھوڑ دے گا
- آخر میں، آلہ کو ہٹانے کے لیے استعمال ہونے والے دھاگوں کو مناسب لمبائی میں کاٹ دیا جائے گا

®KYLEENA لگائے جانے کے دوران اکثر خواتین کو یا تو بالکل بھی نہیں یا ہلکا درد ہوتا ہے۔ کچھ خواتین کو کچھ بے آرامی محسوس ہو سکتی ہے۔ آپ اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ کے ساتھ دردکش دوا یا مقامی طور پر بے حسی کے عمل کی ضرورت پر بات چیت کر سکتی ہیں۔

کچھ خواتین ®KYLEENA لگائے جانے کے بعد چکر محسوس کر سکتی ہیں۔ یہ احساس تھوڑے سے آرام کے بعد ختم ہو جاتا ہے۔ اس کے لگانے کی وجہ سے مرگی والے مریضوں میں دورہ پڑ سکتا ہے۔ اس کے لگانے کے دوران یا اس کے فوراً بعد آپ کچھ خون بہنے کا بھی سامنا کر سکتی ہیں۔ اس کے لگانے کے بعد آپ حیض کے دوران کے درد جیسی کچھ اینٹھن محسوس کر سکتی ہیں؛ تاہم، یہ عام طور پر کچھ دنوں میں ختم ہو جاتا ہے۔

ایسا عام طور پر نہیں ہوتا، لیکن ®KYLEENA لگانے کے دوران رحم کی دیوار میں سوراخ ہو سکتا ہے اور آلہ رحم سے باہر آکر وہیں ٹِک سکتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو ®KYLEENA کا نکالا جانا ضروری ہے۔

آپ کے منصوبوں میں تبدیلی ہونے کی صورت میں ®KYLEENA کو کسی بھی وقت ہٹایا جا سکتا ہے۔ جب آپ کا صحت نگہداشت فراہم کنندہ ®KYLEENA ہٹا دے گا تو آپ جلد ہی حاملہ ہونے کی کوشش کر سکتی ہیں۔ اسے لگانے کے دوران، ہو سکتا ہے کہ ®KYLEENA رحم کی دیوار سے لگ جائے یا رحم کی دیوار میں داخل ہو جائے (اس میں سوراخ کر دے)، لیکن ایسا عام طور پر نہیں ہوتا ہے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو ®KYLEENA کا نکالا جانا ضروری ہے۔ رحم میں سوراخ ہونے کا خطرہ چھاتی سے دودھ پلانے والی خواتین میں، اور اس حالت میں زیادہ ہوتا ہے جب ®KYLEENA کو زچگی کے بعد 36 ہفتوں تک کے عرصے میں لگایا جائے، اور ان خواتین میں بھی زیادہ ہو سکتا ہے جن کے رحم کی شکل مختلف ہو یا رحم ایسا ہو کہ ایک جگہ قائم ہو اور پیچھے کی طرف جھکا ہوا ہو۔



## ®KYLEENA کب لگایا جانا چاہیے؟

®KYLEENA کو آپ کا حیض شروع ہونے کے 7 دنوں کے اندر لگایا جانا چاہیے۔ ایسی صورت میں، کسی بیک-اپ ضبط ولادت کے طریقہ کی ضرورت نہیں ہے۔ اگر یہ یقینی ہے کہ آپ حمل سے نہیں ہیں تو ®KYLEENA کو آپ کے سائیکل کے دوران کسی دیگر وقت میں بھی لگایا جا سکتا ہے۔

اگر آپ نے اپنے آخری حیض کے بعد سے غیر محفوظ جماع کیا ہے تو اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ کو بتائیں۔ اگر ®KYLEENA کو آپ کا حیض شروع ہونے کے 7 سے زیادہ دن کے بعد لگایا جاتا ہے تو کنڈوم یا ڈایافرام استعمال کریں، یا اگلے 7 دنوں تک جماع نہ کریں۔ ®KYLEENA کو ایمرجنسی ضبط ولادت کے طریقہ کے طور پر استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔

### اگر ®KYLEENA کو بدل رہے ہوں یا حمل کے بعد لگا رہے ہوں تو:

- کسی موجودہ سسٹم کو نئے سسٹم سے بدلتے وقت، آپ کے حیض کا انتظار کرنا ضروری نہیں ہے
- ولادت کے بعد، رحم کے واپس اپنے نارمل سائز کا ہونے تک انتظار کریں، زچگی کے بعد کم از کم 6 ہفتے تک
- پہلے تین مہینوں میں اسقاط حمل کے بعد، ®KYLEENA فوراً لگایا جا سکتا ہے۔ تاہم، اگر اسقاط حمل ابتدائی چار سے چھ مہینوں میں ہو تو، آلہ لگانے کے عمل کو 6 ہفتوں تک یا اس وقت تک مؤخر کیا جانا چاہئے جب تک کہ رحم واپس اپنے نارمل سائز کا نہ ہو جائے۔

اگر ®KYLEENA آپ کا حیض شروع ہونے کے 7 دنوں کے اندر لگا دیا جائے تو یہ فوراً کام کرنا شروع کر دیتا ہے۔ بے آرامی ہونے کی صورت میں، جماع کرنے سے پہلے 24–48 گھنٹے انتظار کرنا بہتر ہے۔ اگر آلہ کو آپ کا حیض شروع ہونے کے 7 سے زیادہ دن کے بعد لگایا جاتا ہے تو اگلے 7 دنوں تک کنڈوم یا ڈایافرام استعمال کریں، یا جماع نہ کریں۔

# KYLEENA® آپ کے حیض کو کیسے متاثر کر سکتا ہے

ابتدائی 3 تا 6 مہینوں میں، آپ کا حیض بے قاعدہ ہو سکتا ہے اور جریان خون کے دنوں کی تعداد بڑھ سکتی ہے۔ آپ کے ساتھ بار بار خون کے دھبے یا اندام نہانی سے ہلکے جریان خون کا معاملہ بھی پیش آ سکتا ہے۔ اس مدت کے دوران کچھ خواتین کو بہت زیادہ یا طویل مدت تک خون بہتا ہے۔ اگر یہ صورت حال برقرار رہے تو اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

مجموعی طور پر، آپ کے لیے ہر مہینہ خون بہنے کی مقدار اور دنوں کی تعداد میں بتدریج کمی کا امکان پایا جاتا ہے۔ کچھ خواتین بالآخر پاتی ہیں کہ ان کے حیض بالکل ہی بند ہو جاتے ہیں۔ ایسا رحم کی پرت پر ہارمون کے اثر کی وجہ سے ہوتا ہے۔ خون کے ساتھ رحم کی پرت کی موٹی ہونے کی ماہانہ عام مقدار نہیں بنتی ہے؛ اس لیے، معمول کی حیض کی مدت کے دوران خون آنے کے مقابلے بہت کم خون آتا ہے یا خون نہیں بھی آتا ہے۔ اس کا لازمی مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ انقطاع حیض کی عمر کو پہنچ چکی ہیں یا آپ کو حمل ٹھہر گیا ہے۔

تاہم، اگر آپ کے حیض کی مدت ®KYLEENA کے ساتھ باضابطہ رہ رہی ہے اور پھر 6 ہفتے یا اس سے زیادہ عرصہ تک حیض نہیں آتا ہے تو ممکن ہے کہ آپ حاملہ ہوگئی ہوں۔ آپ کو اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے بات کرنی چاہیے۔

®KYLEENA نکال دیے جانے پر حیض جلد ہی معمول پر آ جاتے ہیں۔

®KYLEENA استعمال کرتے وقت پیڈز کے استعمال کی تجویز دی جاتی ہے۔ آپ پھر بھی روئی کی گدی یا حیض کی پیالیاں استعمال کر سکتی ہیں، تاہم، اس بات کا خیال رکھیں کہ انھیں بدلتے وقت ®KYLEENA کے دھاگے کھنچ نہ جائیں۔

# یہ جانچ کرنا کہ آیا ®KYLEENA اپنی جگہ لگا ہوا ہے

آپ کو ®KYLEENA لگوانے کے تقریبا 4 تا 12 ہفتوں بعد، اور پھر دوبارہ 12 مہینوں پر اور پھر سال میں ایک بار اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے اس کی اس وقت تک جانچ کرانی چاہئے جب تک کہ اسے نکال نہ دیا جائے۔

ہر حیض کے بعد یا تقریباً مہینہ میں ایک بار، آپ کو اپنی انگلیوں سے چھو کر یہ جانچ کرنی چاہیے کہ آیا دونوں دھاگے ابھی بھی اپنی جگہ پر ہیں۔ آپ کا صحت نگہداشت فراہم کنندہ آپ کو ایسا کرنے کا طریقہ دکھا کر سمجھائے گا۔ دھاگوں کو کھینچیں نہیں کیوں کہ ہو سکتا ہے کہ آپ غلطی سے ®KYLEENA کو کھینچ کر باہر نکال دیں۔

- اگر آپ دھاگوں کو محسوس نہیں کر سکتی ہیں تو یہ اس چیز کا اشارہ ہو سکتا ہے کہ ®KYLEENA یا تو باہر گر گیا ہے (اخراج) یا رحم میں گھس گیا ہے (سوراخ ہونا)۔ اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے ملیں اور، اس دوران، ضبط ولادت کا کوئی دیگر غیر ہارمون والا طریقہ (جیسے کنڈوم) استعمال کریں۔ اگر آپ خود ®KYLEENA کے نچلے سرے کو محسوس کر سکتی ہیں تب بھی آپ کو اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے ملنا چاہیے

®KYLEENA لازمی طور پر نکالے جانے سے پہلے 5 سالوں تک اپنی جگہ پر رہ سکتا ہے۔ آپ کو ®KYLEENA لگانے کے بعد اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ کی طرف سے ایک مریض یاددہانی کارڈ موصول ہونا چاہیے۔ یہ کارڈ ®KYLEENA نکالے جانے تک اپنے پاس رکھیں اور ہر طبی اپوائنٹمنٹ میں اسے اپنے ساتھ لائیں۔

کسی درون رحم سسٹم یا ڈیوائس لگانے کے بعد ابتدائی 3 ہفتوں میں پیڑو کے سنگین انفیکشن کا خطرہ زیادہ ہوتا ہے جسے پیلوک انفلیمیٹری ڈیزیز (PID) کہا جاتا ہے۔ دیگر معلوم خطرہ کے عوامل میں متعدد جنسی ساتھیوں کا ہونا، کثرت جماع، جنسی عمل سے منتقل ہونے والے انفیکشنز (STIs) اور کم عمری شامل ہیں۔

PID سنگین مسائل کا سبب بن سکتا ہے جیسے استقرار حمل میں دشواری، رحم کے باہر حمل کی نشوونما (ایکٹوپک حمل)، یا پیڑو کا ختم نہ ہونے والا درد۔ PID کا علاج عام طور پر اینٹی بایوٹکس سے کیا جاتا ہے؛ تاہم، PID کے زیادہ سنگین معاملات میں سرجری کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر آپ میں PID کی علامات پائی جاتی ہیں، بشمول زیادہ دنوں تک یا بہت زیادہ مقدار میں جریان خون، اندام نہانی سے سیال کا غیر معمولی اخراج، آپ کے پیٹ کے نچلے حصہ میں درد، جماع میں تکلیف، کپکپی یا بخار - تو اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ کو فوری طور پر بتائیں۔



## KYLEENA® کو نکالنا اور بدلنا

KYLEENA® کو 5 سال سے زیادہ عرصہ لگا نہیں رہنے دینا چاہیے۔ اگر آپ حاملہ ہونا چاہتی ہیں تو KYLEENA® کو آپ کے صحت نگہداشت فراہم کنندہ کے ذریعہ کسی بھی وقت آسانی سے نکالا جا سکتا ہے۔

اگر آپ نے پچھلے ہفتہ کے دوران جماع کیا تھا تو KYLEENA® کے نکالے جانے کے بعد ممکن ہے کہ آپ حاملہ ہو جائیں۔ KYLEENA® نکالے جانے کے فوراً بعد آپ کے حاملہ ہونے کا امکان ہے، اس لیے اگر آپ حاملہ نہیں ہونا چاہتی ہیں تو آپ کو ضبط ولادت کا کوئی دوسرا طریقہ استعمال کرنا چاہیے۔ اپنے لیے ضبط ولادت کے بہترین طریقوں کے بارے میں اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے بات کریں، کیوں کہ حمل کو روکنے کے لیے آپ کے نئے طریقے کو KYLEENA® ہٹائے جانے سے 7 دن پہلے شروع کیے جانے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ نے ایک ہفتہ پہلے جماع کیا ہے تو اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ کو بتائیں۔

KYLEENA® ٹوٹ سکتا ہے، زیادہ تر اس وقت جب اس کو نکالنا مشکل ہو رہا ہو۔ ٹوٹے ہوئے ٹکڑوں کو تلاش کر کے نکالا جانا ضروری ہے۔ ایسا کرنے کے لیے سرجری کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

اگر آپ 5 سال کے بعد KYLEENA® کا استعمال جاری رکھنا چاہتی ہیں تو آپ کا صحت نگہداشت فراہم کنندہ پرانا سسٹم نکالنے کے فوراً بعد ایک نیا سسٹم لگا سکتا ہے۔

اگر وہی KYLEENA® سسٹم 5 سال سے زیادہ مدت تک لگا رہنے دیا جاتا ہے تو آپ حاملہ ہو سکتی ہیں۔ نئے سسٹم کو لگانے سے پہلے یہ یقینی بنا لینا چاہئے کہ حمل نہیں ہے۔



## KYLEENA® کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

ذیل میں ممکنہ ضمنی اثرات کی ایک فہرست دی گئی ہے۔ یہ KYLEENA® لگا ہونے کے دوران آپ کو محسوس ہو سکنے والے تمام ضمنی اثرات کی فہرست نہیں ہے۔ اگر آپ کسی ایسے ضمنی اثرات کا سامنا کرتی ہیں جو یہاں درج نہیں ہیں تو اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

- مہاسے/چکنائی والی جلد
- متلی
- بال گرنا
- بیضہ دانیوں، فیلوپین ٹیوبز یا رحم کا انفیکشن
- حیض میں تکلیف
- چھاتی میں درد/تکلیف
- اندام نہانی سے مادہ کا اخراج
- چہرے، سینے، پیٹ یا ٹانگوں پر بہت زیادہ بال
- IUS کا ٹوٹنا
- بلڈ پریشر کا بڑھ جانا

KYLEENA® کے ضمنی اثرات استعمال کے ابتدائی مہینوں کے دوران زیادہ عام ہیں؛ وہ وقت کے ساتھ بتدریج کم ہو جاتے ہیں۔ سسٹم کے لگانے کے بعد ابتدائی مہینوں کے دوران آپ کے حیض کے جریان خون میں فرق KYLEENA® کے سب سے عام ضمنی اثرات ہیں، لیکن وقت کے ساتھ یہ اثرات کم ہونے چاہئیں۔

زچگی کے بعد KYLEENA® استعمال کرنے والی کچھ خواتین نے دودھ کی کم پیداوار کی اطلاع دی ہے۔

سنگین انتباہات اور احتیاطی تدابیر – اور ان کے بارے میں کیا کریں، اس سے متعلق تفصیلات کے لیے **KYLEENA® کی دوا سے متعلق معلومات برائے مریض** ورقچہ ملاحظہ کریں۔

# KYLEENA® سے متعلق دیگر چیزیں جن کا علم ہونا چاہئے

## کیا جماع کے دوران KYLEENA® کی موجودگی کا احساس ہو گا؟

جماع کے دوران، آپ یا آپ کے ساتھی کو KYLEENA® کی موجودگی کا احساس نہیں ہونا چاہئے۔

KYLEENA® لگائے جانے کے بعد، جماع کرنے سے پہلے 24–48 گھنٹے انتظار کرنے کی تجویز دی جاتی ہے۔ اگر آپ کو KYLEENA® کی موجودگی کا احساس ہوتا ہے، یا اگر آپ کو کوئی درد محسوس ہوتا ہے تو اس وقت تک جماع کرنے سے پرہیز کریں جب تک کہ آپ کا صحت نگہداشت فراہم کنندہ یہ جانچ نہ کر لے کہ آیا KYLEENA® ابھی بھی صحیح جگہ پر ہے۔ نکالنے والے دھاگے جماع کے دوران آپ کے ساتھی کے ذریعہ محسوس کیے جا سکتے ہیں۔

## کیا KYLEENA® نکل کر گر سکتا ہے؟

اگرچہ اس کا امکان کم ہوتا ہے، تاہم KYLEENA® خود سے باہر گر سکتا ہے۔ KYLEENA® آپ کے حیض کے دوران کلی یا جزوی طور پر باہر نکل سکتا ہے۔ اسے اخراج کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کا وزن زیادہ ہے یا اگر حیض میں زیادہ خون آنے کی آپ کی سرگزشت رہی ہے تو ایسا ہونے کا امکان زیادہ ہے۔ اگر KYLEENA® اپنی جگہ سے باہر نکل جاتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ یہ توقع کے مطابق کام نہ کرے۔ اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ حمل سے محفوظ نہیں رہ جاتی ہیں۔

آلہ کے اخراج کی کچھ علامات درد اور غیر معمولی جریان خون ہیں۔ KYLEENA® اس طرح بھی باہر آ سکتا ہے کہ آپ کو پتہ نہ چلے۔ آپ کے حیض کے دوران جریان خون کی مقدار میں غیر معمولی اضافہ اس بات کی علامت ہو سکتی ہے کہ ایسا ہو گیا ہے۔

اگر آپ سمجھتی ہیں کہ KYLEENA® باہر آ گیا ہے (کلی یا جزوی طور پر) تو جب تک آپ اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے مل نہ لیں اس وقت تک جماع سے پرہیز کریں یا ضبط ولادت کا کوئی دیگر نان-ہارمونل طریقہ استعمال کریں، جیسے کہ کنڈوم یا ڈایافرام۔ وہ اس بات کی تصدیق کے لیے الٹراساؤنڈ اور ایکسرے کر سکتے ہیں کہ آیا یہ باہر گر گیا ہے۔ KYLEENA® اگر جزوی طور پر باہر نکل گیا ہو تو اسے ہٹا دیا جانا چاہیے۔ جب یہ یقین ہو جائے کہ حمل نہیں ہے تو KYLEENA® کو بدل کر نیا لگایا جا سکتا ہے۔ آپ کا صحت نگہداشت فراہم کنندہ آپ کے لیے بہترین چیز کا فیصلہ کرے گا۔

# KYLEENA® کی حیض سے متعلق ڈائری

ابتدائی چند مہینوں میں خون کے دھبے یا جریان خون کے واقعات کا ریکارڈ رکھنے کے لیے KYLEENA® کی حیض سے متعلق ڈائری استعمال کریں۔

| دن | 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | 10 | 11 | 12 | 13 | 14 | 15 | 16 | 17 | 18 | 19 | 20 | 21 | 22 | 23 | 24 | 25 | 26 | 27 | 28 | 29 | 30 | 31 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ماہ 1 | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| ماہ 2 | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| ماہ 3 | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| ماہ 4 | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| ماہ 5 | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| ماہ 6 | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |

## ہدایات برائے مریض

درج ذیل ہدایت نامہ کا استعمال کرتے ہوئے، کیلنڈر کے موزوں خانے (دن) کو نشان زد کرکے اپنے حیض کے خون کے بہاؤ یا کسی بھی ایسے جریان خون کو ریکارڈ کریں جو دو حیض کے دوران پیش آتے ہیں۔

- ■ زیادہ بہاؤ – خانہ پُر کریں
- • خون کے دھبے – ایک نقطہ بنائیں
- X عام بہاؤ – X نشان زد کریں
- کوئی جریان خون نہیں – خالی چھوڑ دیں

KYLEENA® کے بارے میں مزید معلومات کے لیے **kyleena.ca**
ملاحظہ کریں (مکمل رسائی کے لیے، درخواست کیے جانے پر دوا کا شناختی نمبر
[DIN] 02459523 درج کریں)۔

## اس بروشر کی ایک ڈیجیٹل نقل ڈاؤن لوڈ کرنے یا دیگر زبانوں میں اس تک رسائی حاصل کرنے کے لیے کیو آر کوڈ اسکین کریں

KYLEENA® کی باز ادائیگی کی جا سکتی ہے۔ مزید معلومات کے لیے اپنے بیمہ فراہم کنندہ سے رابطہ کریں۔

**سنگین انتباہات اور احتیاطی تدابیر**

- ہارمونل مانع حمل دوائیں بشمول KYLEENA®، جنسی عمل سے منتقل ہونے والے انفیکشنز (STIs) بشمول HIV/AIDS سے **تحفظ فراہم نہیں کرتی ہیں۔** خود کو STIs سے محفوظ رکھنے کے لیے، آپ KYLEENA® کے ساتھ کنڈوم استعمال کر سکتی ہیں
- سگریٹ نوشی دل اور خون کی رگوں پر سنگین ضمنی اثرات کا خطرہ بڑھا دیتی ہے۔ آپ کو تمباکو نوشی کے خطرات کے بارے میں اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے بات کرنی چاہیے
- KYLEENA® رحم کی دیوار سے منسلک ہو سکتا (جم سکتا) ہے یا اس میں سوراخ کر سکتا ہے۔ اسے پرفوریشن (سوراخ ہونا) کہا جاتا ہے۔ اگر آپ کو اندام نہانی سے جریان خون کے ساتھ یا اس کے بغیر پیٹ یا پیڑو میں شدید درد کا سامنا ہوتا ہے تو فوراً اپنے صحت نگہداشت فراہم کنندہ سے رابطہ کریں

مکمل علامات، مخالف اثرات، انتباہات، احتیاطی تدابیر، ضمنی اثرات اور مریضوں کے انتخاب کے معیار کے لیے برائے مہربانی KYLEENA® کا معلوماتی ورقچہ برائے مریض دیکھیں۔

PP-KYL-CA-0319-1
KYL036U

© 2024, Bayer Inc.
® TM دیکھیں www.bayer.ca/tm-mc

Pr Kyleena®
LEVONORGESTREL-RELEASING INTRAUTERINE SYSTEM (19.5 MG)

MEMBER OF INNOVATIVE MEDICINES CANADA

BAYER